

# نوزیبیلے اور تین بال

Tessa Welch
Wiehan de Jager
Samrina Sana
Urdu
Level 3



کافی عرصہ پہلے تین لڑکیاں لکڑیاں اکھٹی کرنے باہر نکلیں۔



وہ ایک گرم دن تھا اس لیے وہ نیچے دریا میں تیرنے چلی گئیں۔
وہ پانی میں کھلیں اور مل کر پانی اچھالا۔



اچانک اُنہیں احساس ہوا کہ کافی دیر ہو چکی ہے۔ وہ واپس گاوں کی طرف بھاگیں۔



گھر کے قریب پہنچ کر نوزیبیلے نے اپنا ہاتھ گردن پر رکھا۔ وہ اپنا ہار کہیں بھول آئی۔ میرے ساتھ واپس چلو اُس نے اپنی دوستوں سے منت کی، لیکن اُس کی دوستوں نے دیر ہونے کی وجہ سے انکار کر دیا۔



اس لیے نوزیبیلے اکیلی دریا پر چلی گئی۔ اُسے اپنا ہار ملا اور وہ گھر کی طرف بھاگی۔ لیکن وہ اندھیرے میں کھو گئی۔



دور فاصلے پر اُسے ایک جھونپڑی سے روشنی آتی دیکھائی دی۔ وہ بھاگتی ہوئی اُس کے پاس پہنچی اور دروازے پر دستک دی۔



وہ حیرت زدہ تھی، کہ ایک کتے نے دروازہ کھولا اور پوچھا 'تمہیں کیا چاہیے؟' نوزیبیلے نے کہا کہ میں کھو گئی ہوں، مجھے سونے کے لیے جگہ چاہیے۔ کتے نے کہا اندر آجاؤ ورنہ تو میں تمہیں کاٹوں گا۔ اس لیے نوزیبیلے اندر آگئی۔



پھر کتے نے کہا میرے لیے کھانا پکاو! لیکن میں نے کبھی کتے کے لیے کھانا نہیں بنایا اُس نے جواب دیا۔ پکاو، ورنہ میں تمہیں کاٹ لوں گا کتے نے کہا۔ اس لیے نوزیبیلے نے کتے کے لیے کچھ کھانا پکایا۔



پھر کتے نے کہا، میرے لیے بستر لگاو! نوزیبیلے نے جواب دیا میں نے کبھی کتے کے لیے بستر نہیں لگایا۔ کتے نے کہا بستر لگاو، ورنہ میں تمہیں کاٹ جاؤں گا۔ اس لیے نوزیبیلے نے بستر لگایا۔



ہر دن اُسے کھانا پکانا پڑتا اور کتے کے لیے صفائی ستھرائی کا
خیال رکھنا پڑتا۔ پھر ایک دن کتے نے کہا نوزیبیلے آج مجھے کچھ
دوستوں سے ملنے جانا ہے۔ گھر صاف کر دو۔ جب تک میں
واپس آوں کھانا بناوٗ اور میری چیزیں دھو دو۔



کتے کے جانے کے فوراً بعد نوزیبیلے نے اپنے سر سے تین بال نکالے۔ ایک بال اُس نے بستر کے نیچے رکھا، ایک بال دروازے کے پیچھے اور ایک بال باڑے میں رکھا۔ پھر وہ گھر کی طرف بھاگی جتنا تیز وہ بھاگ سکتی تھی۔



جب کتا واپس آیا، اُس نے نوزیبیلے کو تلاش کیا۔ نوزیبیلے، تم کہاں ہو؟ وہ چلایا۔ میں یہاں ہوں بستر کے نیچے، پہلے بال نے آواز دی۔ میں یہاں ہوں دروازے کے پیچھے دوسرے بال نے آواز دی۔ میں یہاں باڑے میں ہوں، تیسرے بال نے آواز دی۔



پھر کتے کو پتہ چل گیا کہ نوزیبیلے اُس کے ساتھ کھیل کھیل رہی ہے۔ اس لیے وہ گاوں کی طرف بھاگا۔ لیکن نوزیبیلے کے بھائی وہاں ہاتھوں میں بڑے بڑے ڈنڈے لیے اسکا انتظار کر رہے تھے۔ کتا واپس مڑا اور بھاگ گیا اور آج تک کبھی دکھائی نہیں دیا۔

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

## نوزیبیلے اور تین بال

Written by: Tessa Welch
Illustrated by: Wiehan de Jager
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada (storybookscanada.ca) in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons
Attribution 3.0 International License.